اذان کا جواب دینے پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟

مجیب: مولانا محمد ماجد علی مدنی

فتوی نمبر: WAT-2887

تاریخ اجراء: 13 محرم الحرام 1446ھ / 20 جولائی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

عورتوں کو اذان کا جواب دینے پر کتنی نیکیاں ملتی ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورتوں کو اذان کا جواب دینے پر ملنے والے ثواب کے متعلق تاریخ دمشق لابن عساکر میں ایک روایت لکھی ہے

"قام النبي صلى الله عليه وسلم بين صف الرجال والنساء فقال "يا معشر النساء إذا سمعتن هذا الحبشي يؤذن ويقيم يعني بلالا فقلن كما يقول فإن الله يكتب لكن بكل كلمة مائة ألف حسنة ويرفع لكن ألف درجة ويحط عنكن ألف سيئة" قال فقلن يا رسول الله هذا للنساء فما للرجال قال للرجال ضعفين" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک بار عورتوں اور مردوں کے درمیان کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے عورَتوں کی جماعت! جب تم بِلال کو اذان واِقامت کہتے سنو تو جس طرح وہ کہتا ہے تم بھی کہو کہ اللہ عزوجل تمہارے لئے ہر کلمے کے بدلے ایک لاکھ نیکیاں لکھے گا اور ایک ہزار دَرَجات بُلند فرمائے گا اور ایک ہزار گناہ مٹائے گا۔ خواتین نے یہ سُن کر عرض کی: یہ تو عورَتوں کیلئے ہے مردوں کیلئے کیا ہے؟ فرمایا: مردوں کیلئے دُگنا۔ (تاریخ دمشق لابن عساکر، ج 55، ص 75، 76، دار الفکر، بیروت)

امیر اہلسنت محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ اپنی مایہ ناز کتاب "نماز کے احکام" میں اس روایت کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اللہ عزوجل کی رَحمت پر قربان! اُس نے ہمارے لئے نیکیاں کمانا، اپنے دَرَجات بڑھوانا اور گناہ بخشوانا کس قدَر آسان فرما دیا ہے۔ مگر افسوس! اتنی آسانیوں کے باوُجود بھی ہم غفلت کا شِکار رہتے ہیں۔ پیش کردہ حدیثِ مبارک میں جوابِ اذان کی جو فضیلت بیان ہوئی ہے اُس کی تفصیل مُلاحظہ فرمائیے:

”اللہُ اَکۡبَرُ اللہُ اَکۡبَرُ“ یہ دو کلمات ہیں، اس طرح پوری اذان میں 15 کَلِمات ہیں۔ اگر کوئی اسلامی بہن ایک اذان کا جواب دے یعنی مؤذن جو کہتا جائے، اسلامی بہن بھی دوہراتی جائے تو اُس کو 15 لاکھ نیکیاں ملیں گی، 15 ہزار دَرَجات بُلند ہوں گے اور 15 ہزار گناہ مُعاف ہوں گے اور اسلامی بھائیوں کیلئے یہ سب دُگنا ہے۔ فَجْر کی اذان میں دو مرتبہ اَلصَّلٰوۃُ خَیۡرٌ مِنَ النَّوۡمِ ہے تو فَجْر کی اذان میں 17 کلمات ہوگئے اور یوں فَجْر کی اذان کے جواب میں 17 لاکھ نیکیاں، 17 ہزار دَرَجات کی بلندی اور 17 ہزار گناہوں کی مُعافی ملی اور اسلامی بھائیوں کیلئے دُگنا۔ اِقامت میں دو مرتبہ قَدۡ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ بھی ہے یوں اِقامت میں بھی 17 کلمات ہوئے تو اِقامت کے جواب کا ثواب بھی فجر کی اذان کے جواب جتنا ہوا۔

الحاصِل اگر کوئی اسلامی بہن اِہتمام کے ساتھ روزانہ پانچوں نمازوں کی اذانوں اور پانچوں اِقامتوں کا جواب دینے میں کامیاب ہو جائے تو اُسے روزانہ ایک کروڑ باسٹھ لاکھ نیکیاں ملیں گی، ایک لاکھ باسٹھ ہزار دَرَجات بلند ہونگے اور ایک لاکھ باسٹھ ہزار گناہ مُعاف ہونگے اور اسلامی بھائی کو دُگنا یعنی 3 کروڑ 24 لاکھ نیکیاں ملیں گی، 3 لاکھ 24 ہزار دَرَجات بُلند ہونگے اور 3 لاکھ 24 ہزار گناہ معاف ہوں گے۔“ (نماز کے احکام، صفحہ 141 تا 143، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net